Bankstown سے Sydenham

سڈنی میٹرو کی تکمیل کے لیے

ساؤتھ ویسٹ لنک

ٹرین کی جگہ لینے والی بسیں

NSW GOVERNMENT

Transport

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

ساؤتھ ویسٹ لنک سے کیا مراد ہے؟

ساؤتھ ویسٹ لنک Sydenham اور Bankstown ٹرین سٹیشنوں کے درمیان خصوصی، زیادہ کثرت سے چلنے والی بس سروس ہے جو یہ یقینی بناتی ہے کہ T3 Bankstown Line کی تعمیر کے فائنل عرصے میں مسافر سفر جاری رکھ سکیں۔

ساؤتھ ویسٹ لنک کی اہم خصوصیات میں یہ شامل ہیں:

- تین خصوصی بس روٹس
- روزانہ صبح سویرے سے لے کر رات دیر گئے تک کثرت سے چلنے والی سروسز، اور کچھ روٹس پر مصروف ترین اوقات میں ہر دو سے چار منٹ بعد بس آئے گی۔
- کچھ بسیں تمام سٹاپس پر رکیں گی اور کچھ بسیں کم سٹاپس پر رکیں گی۔

ساؤتھ ویسٹ لنک ایک مربوط ٹرانسپورٹ پلان کا حصہ ہے۔

مربوط ٹرانسپورٹ پلان سے کیا مراد ہے؟

مربوط ٹرانسپورٹ پلان سے مراد T3 Bankstown Line کی تعمیر کے دوران مسافروں کے لیے مہیا تمام متبادل ٹرانسپورٹ کے ذرائع ہیں تاکہ مسافر اپنی منزل پر پہنچ سکیں۔

مسافر ان ذرائع میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

- ساؤتھ ویسٹ لنک کی بسیں
- Sydenham میں سٹیشن پر پہنچتے ہی مل جانے والی میٹرو سروسز
- مقامی بسیں
- ٹرینیں
- لائٹ ریل
- سائیکل سواری اور پیدل چلنے کے راستے۔

ساؤتھ ویسٹ لنک کب چلنا شروع ہو گا اور کتنا عرصہ چلے گا؟

ساؤتھ ویسٹ لنک کی بسیں جولائی اور اکتوبر 2024 کے درمیان چلنا شروع ہوں گی اور زیادہ سے زیادہ 12 مہینوں تک چلیں گی۔

کیا ساؤتھ ویسٹ لنک کی بسیں وہیل چیئرز کے لیے مناسب ہوں گی؟

ہاں۔ ساؤتھ ویسٹ لنک کے روٹس پر چلنے والی بسوں میں وہیل چیئرز داخل ہو سکیں گی کیونکہ ان کے فرش نیچے ہوں گے۔

کیا اپ گریڈ کے دوران میرے لیے سفر کا وقت بڑھ جائے گا؟

ہاں، اپ گریڈ کے دوران Sydenham اور Bankstown کے درمیان سفر کرنے کے لیے زیادہ وقت رکھیں۔ آپ سروسز شروع ہونے سے پہلے ساؤتھ ویسٹ لنک کی بسوں سے سفر کی پلاننگ کر سکتے ہیں اور متبادل ٹرانسپورٹ کے ذرائع بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

Sydenham اور Bankstown کے درمیان T3 Bankstown Line کو اپ گریڈ کیوں کیا جا رہا ہے؟

ہم T3 Bankstown Line میں ایسی تبدیلیاں کر رہے ہیں کہ 2025 سے تیز رفتار میٹرو پیسنجر سروسز چل سکیں۔

فائنل اپ گریڈ تبھی شروع ہو سکتا ہے جب Sydney Trains کی سروسز بند ہوں۔ اس میں Bankstown Station پر Sydney Trains اور میٹرو سروسز کو الگ کرنے کا کام، سٹیشن اپ گریڈز مکمل کرنا، پلیٹ فارموں پر سکرین ڈورز لگانا، اونچائی پر تاریں بچھانا، ٹریک الائنمنٹ کا فائنل کام، ٹرینوں کی ٹیسٹنگ اور ٹرینیں جاری کرنے کا کام شامل ہے۔

سڈنی میٹرو سروس میں مسافر سٹیشن پر پہنچنے کے ساتھ ہی سفر شروع کر سکیں گے کیونکہ مصروف ترین اوقات میں ٹرینیں ہر چار منٹ بعد چلیں گی – یعنی ہر گھنٹے میں 15 ٹرینیں۔ صبح کے تین مصروف ترین گھنٹوں میں سڈنی میٹرو سروسز Bankstown اور Sydney CBD کے درمیان دونوں سمتوں میں 51,000 مسافروں کو پہنچائیں گی – جو مسافروں کی موجودہ تعداد میں 15,000 کا اضافہ ہے۔

اوپر: Hurlstone Park میں سڈنی میٹرو کی تعمیر کا کام

یہ نقشہ صرف ساؤتھ ویسٹ لنک چلنے کے دوران درست ہے۔

ساؤتھ ویسٹ لنک کی بس سروسز کتنا اکثر چلتی ہیں

ہر 2 سے 4 منٹ بعد
مصروف ترین اوقات میں

کم از کم ہر 10 منٹ بعد
دن کا زیادہ تر حصہ

کم از کم ہر 15 منٹ بعد
رات دیر گئے

ساؤتھ ویسٹ لنک کی بس سروسز



Bankstown کے مغرب میں واقع سٹیشنوں میں کیا تبدیلیاں ہو رہی ہیں؟

ایک نیا ٹائم ٹیبل شروع کیا جائے گا جو Bankstown کے مغرب سے مسافروں کے لیے ٹرین سروسز کا استعمال جاری رکھنا یقینی بنائے گا۔

T3 Liverpool & Inner West Line

ابھی Liverpool اور City Circle کے درمیان براستہ Bankstown چلنے والی ٹرین سروسز آئندہ نئی T3 Liverpool & Inner West Line پر براستہ Regents Park اور Lidcombe آگے Sydney CBD تک چلیں گی۔ اس طرح Berala، Regents Park، Carramar، Villawood، Chester Hill، Leightonfield اور Sefton سے Sydney CBD تک ڈائریکٹ سروس مہیا ہو گی۔

New T6 Lidcombe & Bankstown Line

Lidcombe اور Bankstown کے درمیان ایک نئی ٹرین سروس شروع کی جائے گی۔ مسافر Regents Park میں نئی T6 Lidcombe & Bankstown Line اور T3 Liverpool & Inner West Line میں سے حسب ضرورت ٹرین لیتے ہوئے Sydney CBD، Liverpool یا Bankstown جانے والی سروسز استعمال کر سکیں گے۔

ٹرین کی جگہ لینے والی بسیں

فائنل تبدیلیوں کے عرصے میں بعض اوقات Lidcombe اور Bankstown کے درمیان T6 Line پر ٹرینوں کی جگہ بسیں لے لیں گی تاکہ ٹریکس کے اپ گریڈز اور مرمّت کا کام ہو سکے۔

Erskineville اور St Peters کے مسافروں کے لیے کیا تبدیلیاں ہو رہی ہیں؟

Erskineville اور St Peters کے مسافروں کو T8 Airport & South Line پر Sydney CBD تک جانے والی اور آنے والی ڈائریکٹ سروسز ملتی رہیں گی۔

ٹرین کی جگہ لینے والی بسوں کے ٹکٹ

ٹرین کی جگہ لینے والی بسوں پر سفر کا کرایہ ادا کرنے کے لیے مریضوں کے پاس درست Opal کارڈ، Mastercard، American Express یا Visa کارڈ ہونا ضروری ہے جسے سفر کے آغاز اور اختتام پر Opal ریڈرز پر ٹیپ کیا جائے گا۔

سفر کے لیے پہلے تیاری کر لیں اور آن لائن Opal کارڈ خریدیں یا Opal کارڈ بیچنے والے مقامات سے خریدیں۔

مجھے تازہ معلومات کیسے مل سکتی ہیں؟

transportnsw.info/southwestlink پر تازہ معلومات اور ٹرانسپورٹ کے مختلف ذرائع کے متعلق بر وقت اطلاعات حاصل کریں۔